البانیا سے آنے والے وفد کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات

بعد ازاں البانیا سے آنے والے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔

البانیا سے بارہ افراد پر مشتمل وفد آیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تمام ممبران سے تعارف حاصل کیا۔

❁..... ایک نوجوان میاں بیوی جنہوں نے ماسٹرز کیا ہوا ہے نے بتایا کہ جلسہ بہت اچھا تھا۔ سارا انتظام، نظم وضبط بہت اعلیٰ تھا۔ مہمان نوازی بہت اچھی تھی۔ ہم سب بہت خوش ہیں۔ ہم نے جو یہاں دیکھا ہے وہاں جا کر بتائیں گے۔ دو سال قبل بھی ہم آئے تھے۔ واپس جا کر جلسہ کے بارہ میں سب کو بتایا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کرنا ہماری شدید خواہش تھی اور آج ہماری خواہش پوری ہوگئی ہے۔

❁..... ایک ممبر نے بتایا کہ یہ جلسہ بہت بڑا تھا۔ بڑی تعداد میں لوگ شامل ہوئے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لجنہ کی طرف جو خطاب فرمایا تھا اس کا ہمارے دلوں پر گہرا اثر ہوا ہے۔ حضور انور نے تربیت کے حوالہ سے باتیں بیان فرمائیں اور کھل کر ہر بات سب کے سامنے بیان کی۔ قرآن کریم سے بتایا اور آیات کی تشریح فرمائی۔

❁..... ایک ممبر نے بتایا کہ جہاں سے ہم آئے ہیں وہاں کریمینل (criminal) لوگ بہت زیادہ ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ کسی نہ کسی طرح یہ پیغام ان لوگوں تک بھی پہنچے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ اب آپ لوگوں نے ہی پیغام پہنچانا ہے۔ اس پر ممبران نے کہا کہ اب ہمارا فرض ہے اور ہم انشاء اللہ پہنچائیں گے۔

❁..... پھر ایک خاتون نے جس نے ماسٹرز کیا ہوا تھا عرض کیا کہ میں پہلی دفعہ آئی ہوں اور بہت متاثر ہوئی ہوں۔ تقاریر بہت اچھی تھیں۔ لجنہ کی تقریر سے بہت متاثر ہوئی ہوں۔ اپنے خاوند کے ساتھ آئی ہوں۔

❁..... ایک خاتون نے بتایا کہ میں بھی بہت خوش ہوں۔ گزشتہ سال میرے والد صاحب آئے تھے۔ میری ساری فیملی کیلئے دعا کریں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فضل فرمائے۔

❁..... ایک دوست نے بتایا کہ گزشتہ سال جب میں آیا تھا تو میں نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعا کی درخواست کی تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے میرے لئے دعا کی تو اس کے بعد میرے گھر کی ہر چیز صحیح چل رہی ہے۔ مجھے کوئی پریشانی نہیں ہے۔

❁..... ایک ممبر نے عرض کیا کہ ہمارے ملک کیلئے دعا کریں۔ یورپ میں شامل ہو رہا ہے۔ سب اکٹھے ہوجائیں اور ملک کیلئے بہتر ہو۔ اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فضل فرمائے۔

❁..... ایک دوست نے بتایا کہ دو سال قبل میرے والد صاحب آئے تھے۔ انہوں نے واپس جا کر جلسہ کے بارہ میں بتایا تھا۔ تو والد صاحب کا پیغام ہی آج مجھے یہاں لے کر آیا ہے اور میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے مل رہا ہوں۔

❁..... وفد کے ایک ممبر نے بتایا کہ وہ میونسپل کمیٹی کے وائس چیئرمین ہیں اور میئر کی طرح ہیں اور جماعت کیلئے کام کرنے کا موقع ملتا رہتا ہے۔ موصوف نے عرض کیا کہ جس طرح ہم محبت و پیار کے پیغام کو سمجھتے ہیں اسی طرح خدا تعالیٰ ہمیں اس پیغام کو دوسروں تک پہنچانے کی بھی توفیق عطا فرمائے۔ موصوف نے کہا کہ ہمارے ملک میں اس پیغام کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ ہمارے ملک میں بھی پیار و محبت قائم ہو اور لوگ اس پیغام کو سمجھیں اور امن سے زندگی گزاریں اور رواداری سے رہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کی مدد کرے۔

❁..... ایک ممبر نے عرض کیا کہ حضور انور کب البانیا تشریف لائیں گے؟ اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ جب آپ دعوت دیں گے۔ وفد نے بتایا کہ ہم تو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے استقبال کیلئے تیار ہیں۔

آخر پر وفد کے تمام ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔

البانیا کے وفد کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے یہ ملاقات بارہ بج کر پچاس منٹ تک جاری رہی۔